فوری ریلیز کے لیے: 19/10/2022 **گورنر KATHY HOCHUL**

***گورنر HOCHUL نے لومینیٹ NY ایکسلریٹر مقابلے ( LUMINATE NY ACCELERATOR COMPETITION) کے راؤنڈ 5 کے فاتحین کا اعلان کیا ہے***

***Lidrotec نے سرمایہ کاری کی مد میں 1$ وصول کیے ہیں؛ مزید چار کمپنیوں کو فالو اپ سرمایہ کاریاں حاصل ہوں گی***

***اب آپٹکس، فوٹونکس، اور امیجنگ مقابلے کے راؤنڈ 6 کے لیے درخواستیں 9 جنوری 2023 تک قبول کی جا رہی ہیں***

***NYS کی یہ سرمایہ کاری "فنگر لیکس فارورڈ" کی تکمیل کرتی ہے — جو کہ کمیونٹیز کو بحال کرنے اور معیشت کو فروغ دینے کے لیے خطے کی جامع حکمت عملی ہے***

***لومینیٹ NY کے فاتح کی تصویر یہاں دستیاب ہے***

آج گورنر Kathy Hochul نے لومینیٹ NY آپٹکس، فوٹونکس، اور امیجنگ سٹارٹ اپ ایکسلریٹر مقابلے کے راؤنڈ 5 کے فاتح کے طور پر Lidrotec کا اعلان کیا ہے۔ Bochum، جرمنی میں قائم شدہ Lidrotec نے لومینیٹ فائنلز 2022 میں "کمپنی آف دی ایئر" کا ایوارڈ حاصل کیا، جو روچسٹر میں آپٹکس + لیزر سائنس کانفرنس میں آپٹیکاز فرنٹیئرز کے دوران براہ راست منعقد ہوئے۔ ریاست نیویارک کی جانب سے فنگر لیکس فارورڈ اپ سٹیٹ احیائے نو کے اقدامکے ذریعے یہ کمپنی سرمایہ کاری کی مد میں 1 $ ملین حاصل کرے گی۔ جیسا کہ ایوارڈ کی جانب سے درکار ہے، کہ مقابلے کے تمام فاتحین کم از کم اگلے 18 ماہ کے لیے اس علاقے میں آپریشنز کے قیام کے پابند ہوں گے۔ لومینیٹ NY کے ذریعے، Lidrotec کو AIM فوٹونکس سے متعارف کرایا گیا۔ اس تعاون سے Lidrotec کو اپنی ٹیکنالوجی کی اگلی کھیپ تیار کرنے اور امریکی آپریشنز کو تشکیل دینے کے اپنے منصوبوں پر عمل درآمد کے لیے بنیادی ڈھانچے کی تعمیر میں مدد مل رہی ہے۔ Luminate NY، جو NextCorps کے زیر انتظام ہے، ابھرتی ہوئی کمپنیوں کے لیے دنیا کا سب سے بڑا بزنس ایکسلریٹر ہے جن کے پاس آپٹکس، فوٹوونکس اور امیجنگ کی صلاحیت سے مزین ٹیکنالوجیز ہیں۔ فائنلز کی تقریب مبنی بر گروہ پروگرام کے پانچویں سال کی تکمیل کرتی ہے۔ اس سال کے آغاز میں، گورنر Hochul نے لگاتار مزید چار سالوں کے لیے ریاست کے نئے بجٹ میں لومینیٹ NY کے لیے فنڈنگ شامل کر دی ہے۔

"نیویارک تکنیکی تحقیق کی جدتوں کو چھو چکا ہے، کیونکہ اپنے لومینیٹ NY مقابلے کے ذریعے ہم یہاں شاندار ہنرمندی اور مواقع کا خیرمقدم کرتے رہتے ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ہم فنگر لیکس کے علاقے کی امیجنگ اور آپٹکس کی بے مثال تاریخ میں ایک اور باب کا اضافہ کر رہے ہیں تاکہ سب سے زیادہ امید افزا کمپنیوں کو یہاں لا کر انقلابی ٹیکنالوجیز کی کمرشلائزیشن کی رفتار بڑھائی جا سکے۔ آج کے فاتحین ملک کی سب سے مضبوط، جدید ترین اور اعلیٰ ترین انداز میں مربوط آپٹکس، فوٹونکس اور امیجنگ رسد کے سلسلے کا فائدہ اٹھا سکیں گے جو یہاں ان کے کاروبار کو بلندیوں پر لے جانے کے لیے موجود ہیں، جس سے ان کے ساتھ ریاست نیویارک کی معیشت بھی ترقی کرے گی۔"

سیمی کنڈکٹر انڈسٹری کے لیے Lidrotec کی زیر التواء پیٹنٹ ویفر-ڈائسنگ لیزر ٹیکنالوجی عملی طور پر 0% نقصان کی شرح کے ساتھ انتہائی باریک کاٹنے کو ممکن بناتی ہے، جس کے نتیجے میں قیمت کی نمایاں بچت اور پیداواری صلاحیت میں اضافہ ہوتا ہے۔ اس کی جدت یہ ہے کہ لیزر سے کارروائی کرنے والے حصے میں مائعات کو موثر طریقے سے استعمال کیا جاتا ہے، جو اس دوران ویفرز کو ٹھنڈا کرتے اور دھوتے ہیں کہ جب لیزر چپس کو کاٹ دیتا ہے۔ نتیجے میں حاصل ہونے والے فوائد یہ ہیں کہ پیداواری عمل کو موافق بنانے کی ضرورت کے بغیر، زیادہ درستگی کے ساتھ پتلی کٹائی ہوتی ہے، مواد کو کوئی نقصان نہیں پہنچتا، سطحیں فاسد مادے سے پاک صاف رہتی ہیں، اور تیز رفتاری سے پروسیسنگ ہوتی ہے۔

**Lidrotec کے CEO Alexander Igelmann نے کہا،** "لومینیٹ نے ہمیں ریاستہائے متحدہ میں ایک نیا نیٹ ورک، اس کے ساتھ فراہم کنندگان اور کلائنٹس سے رابطے بھی فراہم کیے ہیں۔ یہ اہم رابطے ہمیں اگلے دو سالوں کے دوران اپنے ترقیاتی سنگ میلوں کو پورا کرنے میں مدد کریں گے، جس میں ہماری جدید لیزر ٹیکنالوجی کے لیے مارکیٹ کی تصدیق شامل ہے۔"

میونخ، جرمنی میں قائم شدہ کسٹم سرجیکل کو نمایاں گریجویٹ ایوارڈ اور فالو آن سرمایہ کاری کی مد میں 500,000$ سے نوازا گیا ہے۔ انہوں نے 10,000$ کا آڈیئنس چوائس ایوارڈ بھی وصول کیا ہے۔ یہ کمپنی میڈیکل امیجز کو ریکارڈ کرنے، ذخیرہ کرنے اور شیئر کرنے کے لیے اور مریضوں کی تشخیص اور علاج کے لیے ان وسائل کا فائدہ اٹھا کر سرجری کو جدت آمیز بنا رہی ہے۔ میلبورن، FL سے Alertgy نے اپنی ٹیکنالوجی کے لیے ممتاز گریجویٹ ایوارڈ اور 250,000$ حاصل کیے ہیں، جو طلب کرنے پر ذیابیطس کے مریضوں اور دنیا کے 2 بلین پری ذیابیطس کے مریضوں کو اپنے خون میں گلوکوز کی سطح کی غیر جراحتی طریقے سے نگرانی کرنے کا ایک طریقہ فراہم کرتی ہے۔

بارسلونا اسپین سے MEETOPTICS اور الیگزینڈریا، VA سے SCOUT کے مابین اعزازی کامیابی کا مقابلہ برابر ٹھہرا، جن میں سے ہر ایک کو 125,000$ ملے۔ MEETOPTICS مصنوعی ذہانت ( Artificial Intelligence, AI) سے چلنے والا ایک پلیٹ فارم بنا رہے ہیں جو آپٹکس اور فوٹونکس کی صنعت میں انجینئرز اور محققین کو آن لائن قابل اعتماد صنعتکاروں کی مصنوعات اور ٹیکنالوجیز تک فوری رسائی اور ان کا موازنہ کرنے میں مدد دیتا ہے۔ SCOUT خلائی اشیاء اور مداروں کے ملبے کی خودکار کھوج، تعاقب اور خصوصیت سازی کے لیے مدار میں موجود امیجنگ سسٹم اور خود مختاری سافٹ ویئر کے ساتھ زمینی سینسنگ پیراڈائم کے متبادل طریقے فراہم کر رہا ہے۔

شرکت کرنے والی کمپنیوں کو ان کی کاروباری کارکردگیوں اور چھ ماہ کے ایکسلریٹر پروگرام کے دوران مکمل ہونے والی مستعدی کی بنیاد پر آپٹکس، فوٹونکس، اور امیجنگ (optics, photonics, and imaging, OPI) صنعت اور وینچر کیپیٹلسٹ کمیونٹی کے ججوں کے ایک پینل کی جانب سے اسکور دیے جانے کے بعد آج کی سرمایہ کاریاں پیش کی گئیں۔

اپنے آغاز سے لے کر اب تک، لومینیٹ NY نے 54 اسٹارٹ-اپس میں 15$ ملین کی سرمایہ کاری کی ہے۔ پورٹ فولیو میں شامل کمپنیاں اب 400$ ملین سے زیادہ کی مجموعی مالیت کا اشتراک کرتی ہیں۔ سرمایہ کاری پر اندازاً 1.5 سے 2 گنا منافع فراہم کرنے کے علاوہ، بہت سی کمپنیاں امریکی آپریشنز یا روچسٹر کے علاقے میں تحقیق اور صنعتکاری کی کچھ صورتیں قائم کر رہی ہیں، جس کے نتیجے میں (100 کل وقتی اور 20 کنٹریکٹ پوزیشنز) 150 ملازمتیں پیدا ہوئی ہیں، ساتھ ہی دو کمپنیوں سے مستقبل قریب میں اضافی 120 متوقع ہیں۔ گزشتہ سال کی فاتح کمپنی، PreAct Technologies، روچسٹر میں اپنی پائلٹ، ہائی ٹیک صنعت کاری قائم کرنے کے لیے پُرعزم ہے، جس کے نتیجے میں 60 ملازمتیں پیدا ہونے کی توقع ہے۔

**لومینیٹ NY کی مینیجنگ ڈائریکٹر Dr. Sujatha Ramanujan نے کہا،** "یہ ایکسلریٹر وہ اہم مدد فراہم کر رہا ہے جس کی ابتدائی مرحلے کی کمپنیوں کو اپنی ٹیکنالوجیز کو مارکیٹ میں لانے اور امریکی اور عالمی دونوں منڈیوں

میں اپنے کاروبار کو بڑھانے کی خاطر ضرورت ہوتی ہے۔ ہم اس پروگرام میں تسلسل لانے کے لیے گورنر Hochul کے شکر گزار ہیں۔"

لومینیٹ NY روچسٹر میں قائم ہے اور اپنے چھ ماہ کے پروگرام میں شرکت کے لیے ہر سال دس امید افزا کمپنیوں کا انتخاب کرتا ہے۔ اس وقت کے دوران، کمپنیوں کو اپنی ٹیکنالوجیز اور کاروبار کو آگے بڑھانے کے لیے جامع تربیت اور وسائل فراہم کیے جاتے ہیں۔ اب راؤنڈ 6 کے لیے درخواستیں 9 جنوری 2023 تک قبول کی جا رہی ہیں۔ وہ ٹیمیں جو بذاتِ خود روچسٹر میں منتقل ہو سکتی ہیں وہ اپریل 2023 میں پروگرام شروع ہونے پر $100,000 کی فنڈنگ وصول کریں گی۔ وہ ٹیمیں جو سفر اور ویزا کی پابندیوں کی وجہ سے روچسٹر نہیں آ سکیں گی انہیں پروگرام شروع ہونے پر $50,000 کی فنڈنگ اور اضافی $50,000 ملیں گے جو کہ ایکسلریٹر میں اپنے وقت کے دوران فنگر لیکس کے علاقے میں وسائل کو بروئے کار لانے کے لیے لازمی استعمال کیے جانے چاہیئیں۔

فنگر لیکس کا علاقہ دور اندیش کاروباری افراد کے ایک زبردست بھرپور ماحولیاتی نظام کا مرکز ہے جو اپنے کاروبار کو بڑھانا چاہتے ہیں۔ روچسٹر، ایسٹ مین بزنس پارک، یونیورسٹی آف روچسٹر کے انسٹی ٹیوٹ آف آپٹکس، روچسٹر انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی، اور 150 سے زیادہ مقامی OPI کمپنیوں میں امریکن انسٹی ٹیوٹ فار مینوفیکچرنگ انٹیگریٹڈ فوٹونکس ٹیسٹ، اسمبلی اور پیکیجنگ کی سہولت فراہم کرتا ہے جو 17,000 سے زیادہ ملازمین کو ملازمت دیتی ہیں۔

**امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight نے کہا،** "نیویارک کی عالمی شہرت یافتہ آپٹکس، فوٹونکس اور امیجنگ کی صنعتوں میں جدت اور سرمایہ کاری کو تیز کرنے پر لومینیٹ NY مقابلے کی مرکوز توجہ نے فنگر لیکس کو ایک OPI مرکز کے طور پر مزید استحکام بخشا ہے۔ تمام فائنلسٹ، اور خاص طور پر راؤنڈ 5 کی فاتح Lidrotec، کو مبارکباد، جس کی ٹیکنالوجی، سیمی کنڈکٹر صنعت کاری میں نیویارک کی طاقت کو مزید مکمل کرتی ہے۔ ہم اس ترقی اور اثرات کی راہ دیکھ رہے ہیں جو آگے کی سوچ رکھنے والی یہ کمپنیاں خطے میں لائیں گی۔"

**ریاستی سینیٹر Jeremy Cooney نے کہا،** "لومینیٹ NY اپنے ایکسلریٹر مقابلے کے ذریعے ہمارے عظیم تر روچسٹر کے خطے میں اعلیٰ معیار کی نوکریاں پیدا کر رہا ہے، اور اس راؤنڈ کے فاتحین بھی اس سے مستثنیٰ نہیں ہیں۔ یہ کمپنیاں ہمارے علاقے کو ٹیکنالوجی، صحت، تندرستی، اور سائنسی شعبوں میں ہونے والی دریافتوں سے جو فائدہ پہنچائیں گی اس کے لیے میں شکر گزار ہوں۔ ان اقدامات کی معاونت پر گورنر Hochul، فنگر لیکس فارورڈ، اور امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کا شکریہ۔"

**رکن اسلمبی Harry Bronson نے کہا،** "لومینیٹ NY ایکسلریٹر پروگرام نے دنیا بھر سے روشنی کی ٹیکنالوجی کے سب سے زیادہ تخلیقی اور متحرک سٹارٹ اپس کو متوجہ کیا ہے۔ اس مقابلے کے فاتحین NYS میں ہماری آپٹکس، فوٹونکس اور امیجنگ کی صنعتوں کو آگے بڑھائیں گے۔ Lidrotec کی ٹیم کو مبارکباد! ہم آپ کو فنگر لیکس کے علاقے میں اپنی کمپنی کو ترقی دیتے ہوئے دیکھ کر بہت پُرجوش ہیں۔ Lidrotec کی ذہانت اور اختراعی صلاحیت ہمارے علاقے میں ملازمت کے مواقع اور سرمایہ کاری لاتی رہے گی۔ ہمیں منصفانہ افرادی قوت کی ترقی کے پروگراموں کے ساتھ ان کے وژن اور کامیابیوں کو پورا کرنا چاہیئے جو نہ صرف ہماری ابھرتی ہوئی اور وسعت پاتی ہوئی صنعتوں کی معاونت کرتے ہیں بلکہ ہماری کمیونٹی کے تمام ممبران کے لیے کیریئر کے راستے بھی فراہم کرتے ہیں۔"

**مونرو کاؤنٹی کے ایگزیکٹیو Adam Bello نے کہا،** "Lidrotec اور لومینیٹ NY پروگرام کے تمام فاتحین کو مبارکباد - جو جدت پسندوں کی حوصلہ افزائی اور عظیم تر روچسٹر کے پورے خطے میں آئندہ کے کاروباروں کا فوری آغاز جاری رکھے ہوئے ہے۔ "گورنر Kathy Hochul اور لومینیٹ NY آپ کا شکریہ کہ آپ نے ہماری کمیونٹی میں معاشی ترقی کو فروغ دینا جاری رکھا - ہمارے نواحی علاقوں کے لیے معیاری ملازمتیں فراہم کیں اور ہماری معیشت کو مضبوط بنایا۔"

**روچسٹر کے میئر Malik Evans نے کہا،** "لومینیٹ NY ایکسلریٹر سے ہمارے شہر کو ایک زبردست معاشی فروغ حاصل ہوتا ہے اور روچسٹر کے آپٹکس، فوٹونکس اور امیجنگ میں جدید اختراع کاروں کے پہلے سے گنجان سلسلے کو مزید وسعت حاصل ہوتی ہے۔ ہم لومینیٹ فائنلز کی میزبانی کرنے پر بہت پُرجوش ہیں اور Lidrotec کو خطے میں دل کی گہرائیوں سے خوش آمدید کہتے ہیں۔ تمام جیتنے والوں کو مبارکباد اور گورنر Hochul اور فنگر لیکس فارورڈ اقدام کا شکریہ کہ انہوں نے یہ اہم سرمایہ کاریاں کیں جن سے ہمارے شہریوں کو فائدہ پہنچتا ہے۔"

لومینیٹ NY کے بارے میں اضافی معلومات کے لئے، ملاحظہ کریں: https://luminate.org/۔

NextCorps کے بارے میں اضافی معلومات کے لئے، ملاحظہ کریں: https://nextcorps.org/۔

**فنگر لیکس فارورڈ کی رفتار تیز کرنا**

آج کا اعلان "فنگر لیکس فارورڈ" کی تکمیل کرتا ہے، جو کہ مضبوط تر معاشی ترقی کے حصول اور کمیونٹی کی ترقی کی خاطر خطے کا جامع تکنیکی نقشہ ہے۔ خطہ جاتی سطح پر ڈیزائن کردہ منصوبہ اہم صنعتوں بشمول فوٹونکس، زراعت و غذائی پیداوار، اور جدید مینوفیکچرنگ میں سرمایہ کاری پر توجہ مرکوز کرتا ہے۔ اب، یہ خطہ ریاستی کے شمالی علاقے کی حیاتِ نو پہل کاری (Upstate Revitalization Initiative) کے ذریعے 500$ ملین کی ریاستی سرمایہ کاری کے ساتھ فنگر لیکس فارورڈ کو تیز کر رہا ہے۔ ریاست کی 500$ ملین کی سرمایہ کاری نجی کاروبار کو 2.5$ بلین سے زیادہ کی سرمایہ کاری کے لیے ترغیب دے گی - اور خطے کے منصوبے، جیسا کہ پیش کیا گیا ہے، سے 8,200 تک نئی ملازمتوں کی توقع ہے۔ مزید معلومات یہاںدستیاب ہیں۔

**امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کے بارے میں**

امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ (Empire State Development, ESD) نیو یارک کی معاشی ترقی کی سربراہ ایجنسی ہے (www.esd.ny.gov)۔ ESD کا مشن یہ ہے کہ ایک مضبوط اور پھلنے پھولنے والی معیشت کو فروغ دیا جائے، نئی نوکریاں اور اقتصادی مواقع پیدا کرنے کی حوصلہ افزائی کی جائے، ریاست اور اس کی میونسپلٹیز کے لئے ریوینیوز کو بڑھایا جائے، اور مستحکم اور متنوع مقامی اقتصادیات حاصل کی جائیں۔ قرضہ جات، عطیات، ٹیکس کریڈٹس اور دیگر اقسام کی مالی امداد کو بروئے کار لا کر، ESD نجی کاروباری سرمایہ کاری اور ترقی کو بڑھانے کی کوشش کرتی ہے تاکہ ملازمتی تشکیل کی حوصلہ افزائی کر سکے اور ریاست نیو یارک میں ہر جگہ ترقی کرتی کمیونٹیز کی معاونت کر سکے۔ ESD ایک بنیادی انتظامی ایجنسی بھی ہے جو علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسلوں کی نگرانی کرتی ہے اور ریاست کے مشہور سیاحتی برانڈ "I LOVE NEW YORK" کی مارکیٹنگ کرتی ہے۔ علاقائی کونسلوں اور ایمپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، www.regionalcouncils.ny.gov اور www.esd.ny.gov ملاحظہ کریں۔

###


اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov

ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418